# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ۔II (5614)　　　سمسٹر: خزاں 2013ء

سطح: ایم اے　　　کل نمبر 100

## مشق نمبر 1

سوال نمبر 1　علامہ اقبال کا تصور قومیت ان کے سیاسی افکار کی بنیاد ہے۔ مدلل بحث کیجیے۔

سوال نمبر 2　نوجوانوں کی تعلیم و تربیت سے متعلق علامہ اقبال کے موقف کی وضاحت کیجیے۔ اپنے جواب میں اقبال کے متعلقہ مضامین، خطبات اور اشعار کے حوالے بھی شامل کریں۔

سوال نمبر 3　علامہ اقبال کی اردو تصانیف کا تعارف اس طرح پیش کیجیے کہ ہر تصنیف کے بعد علامہ کا فکری ارتقاء واضح ہو سکے۔

سوال نمبر 4　اقبال کے فارسی کلام کے مجموعوں اور ان کے مندرجات کا تفصیلی تعارف زمانی ترتیب سے کراتے ہوئے وضاحت کریں کہ اقبال کا فارسی کلام فکر اقبال کا بنیادی ماخذ قرار دیا جا سکتا ہے؟

## مشق نمبر 2

کل نمبر 100

سوال نمبر 1　علامہ اقبال کی اردو غزل میں اقبال کے تجربات و تصرفات کے حوالے سے بال جبریل کی اہمیت بیان کیجیے۔

سوال نمبر 2　علامہ اقبال کی شامل نصاب غزلوں میں سے کوئی سی دو غزلوں کی اپنے الفاظ میں تشریح کیجیے۔

سوال نمبر 3　علامہ اقبال کی طویل نظم نگاری پر جامع تبصرہ کرتے ہوئے ان کی نظم طلوع اسلام کی فکری و فنی خصوصیات رقم کیجیے۔

سوال نمبر 4　علامہ اقبال کی نظم "مسجد قرطبہ" کا تعارف کرائیے نیز نظم کا فکری و فنی تجزیہ بھی پیش کیجیے۔